پاس محفوظ ہے تو وہ منظر عام پر آنی چاہئے ۔ شاید آپ اتفاق کریں کہ ایسے اہم مسودات کی اشاعت میں وقت کے تقاضے کو بھی پیش نظر رکھا جائے تو احسن ہوتا ہے ۔

عبدالرحمان علیگ ۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی بہاولپور ۔ ممبر صوبائی کونسل آف پنجاب

اسلام کا نام اور نفاذ؟ | حکومت اسلام کا نام لیتی ہے ۔ مگر اسلام کو نافذ کرتے ہوئے کیوں جھجکتی ہے صرف بھٹو کو پھانسی دے دی گئی مگر بھٹو ازم زبر زمین بڑھتا ہی رہا ۔ یہ غفلت میں حکومت چلا رہے ہیں اور بھٹو کا مشن چل رہا ہے ۔ سرکاری افسروں کی کہیں نہ کہیں ان کو مدد حاصل ہے ۔ تب ہی تو پاکستان کا طیارہ اغوا ہوا ۔ ہماری عدالتیں اسلامی قانون کے نفاذ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہیں ۔ صدر ضیاء الحق سے اپیل کریں کہ سرکاری افسروں سے یہ کوٹ پتلون ٹائی بند کرا دیں قمیض شلوار اور ٹوپی قومی لباس قرار دیا جائے ۔ ریڈیو پر فحش پروگرام اور فلمی گانے بند کرا دو ۔ ٹیلی ویژن پر ہر وقت کھیل ہی کھیل ہے ۔ کیا اب بھی ہم پر انگریز قابض ہے ۔ جو انگریزی قانون کو چلنے نہیں دیتا ۔ اسلامی قانون کی بس کمیٹیاں ہی بنائی جاتی رہیں گی ۔

یا اللہ اگر یہ حکومت بے بس ہے تو تو ہی ہماری فریاد سن ۔ اگر آپ نے میرا خط نہ چھاپا تو میں یہ کہوں گا کہ آپ بھی ظلم کا ساتھ دے رہے ہیں ۔ عبدالرحمان مہران سائیکل سٹور محراب پور ضلع شکارپور

الحق اور شیخ الحدیث مدظلہ کے افادات | جیسے ہزاروں قارئین کو الحق میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے فیوضات و تبرکات کی تلاش ہوتی ہے ۔ مگر پرچہ محروم نظر آتا ہے ۔ الحق دینی دنیوی سیاسی ہر لحاظ سے جامع رسالہ ہے ۔ مگر اس خامی کی تلافی پر ضرور توجہ دیں ۔ حافظ محمد امین حقانی مدرس دارالعلوم تیندوکرم الحیلبسی

الحق ۔ الحق میں حضرت مدظلہ کے خطاب جمعہ دئے جاتے رہے ۔ جواب بوجہ ضعف و علالت کے ایک عرصہ سے متروک ہیں ۔ اس وجہ سے الحق میں خطبات کا سلسلہ جاری نہیں رکھا جا سکا ۔ تاہم جہاں بھی حضرت کی کوئی غیر مطبوعہ تقریر و تحریر یا ارشادات دستیاب ہوتے ہیں ہم اسے سرفہرست رکھتے ہیں ۔ جیسے اس شمارہ میں ملاحظہ فرمائیے ۔ جو تلامذہ ، فضلاء اور متوسلین کے پاس ایسی غیر مطبوعہ تقریر یا ارشادات و مواعظ ہوں تو وہ صاف کرا کر ارسال فرمائیں تو بصد شکریہ شائع کیا جائے گا ۔ الحق

مولانا فضل محمد کی وفات | مدرسہ قاسم العلوم فقیروالی پنجاب کے مہتمم و بانی دارالعلوم دیوبند کے جید فاضل اور بزرگ عالم حضرت مولانا فضل محمد صاحب ۲۳ فروری کو رات ۱۱ بجے واصل بحق ہوئے ۔ انا للہ و انا الیہ راجعون مرحوم کی ساری زندگی دین اور علوم دینیہ کی نشر و اشاعت میں صرف ہوئی ۔ آپ علماء دیوبند کے صفات و کمالات اور خصوصیات کا ایک زندہ نمونہ تھے ۔ حق تعالیٰ ان کی برکات کو مدرسہ ، تلامذہ اور صاحبزادگان کی شکل میں جاری ساری رکھے ۔ قارئین سے دعا کی درخواست ہے ۔ ادارہ الحق